# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 23rd April, 2024 at 5:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2. MR. ASAD ALAM NIAZI**
**MIRZA IKHTIAR BAIG**
**SARDAR NABIL AHMED GABOL**
**MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to invite attention of the Minister for Energy (Power Division) to a matter of urgent public importance regarding un-scheduled loadshedding and overbilling in the Karachi especially in Layari and Azam Basti by Karachi Electric Supply Company, causing grave concern amongst the public.

## INTRODUCTION OF BILLS

**3. MR. ASAD QAISER**
**MR. SANAULLAH KHAN MASTI KHEL**
**SHAHZADA MUHAMMAD GUSHTASAP KHAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Amendment in Article- 175A and 215)

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**5. DR. NAFISA SHAH** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Amendment in Article- 25)

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**7. MS. SEHAR KAMRAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929) [The Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024].

**8.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## LEGISLATIVE BUSINESS

**9. NAWABZADA IFTIKHAR AHMED KHAN BABAR**
**NAVEED AAMIR JEEVA**
**SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to move that the Bill to provide for the establishment of the Pakistan Institute of Engineering and Technology [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration.

**10. NAWABZADA IFTIKHAR AHMED KHAN BABAR**
**NAVEED AAMIR JEEVA**
**SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to move that the Bill to provide for the establishment of the Pakistan Institute of Engineering and Technology [The Pakistan Institute of Engineering and Technology Bill, 2024], be passed.

# AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**11. DR. NAFISA SHAH** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Insertion of new Rule 295 and 296.-** that in the said Rules after rule 294 the following new rules 295 and 296 shall be inserted:-

**"CHAPTER XXIII**
**PUBLIC PETITIONS**

**295. Right of petition.-** (1) Any citizen of Pakistan or any natural or legal person residing or having a registered office in the country shall have the right to address, individually or in association with other citizens or persons, a petition to the National Assembly on a matter which affects him, her or them directly.

(2) Petitions shall be addressed to the Speaker of the National Assembly and shall be titled as "Public Petition to the National Assembly" and shall show the name, nationality and permanent address of each petitioner.

(3) Where a Petition is signed by more than one Petitioner, the signatories shall designate a representative who shall be regarded as the petitioner for the purposes of this Title.

(4) Each Petitioner may at any time withdraw support of petition in writing and on withdrawal of support by all the petitioners the petition shall become null and void.

(5) Petitions must be preferably written in official languages, either English or Urdu and sent to the National Assembly Secretariat. However petitions in Provincial or local languages e.g Sindhi, Punjabi, Pashto, Balochi, Kashmiri, Shina, Hindko or Brahvi will also be considered.

(6) Petitions shall be entered in a register in the order in which they are received if they comply with the conditions laid down in sub-rule (2); those that do not shall be filed, and the petitioner shall be informed of the reasons for this.

(7) Petitions entered in the register shall be forwarded by the Speaker to the Public Petitions committee responsible, which shall first establish the admissibility or otherwise of the petition in accordance with these Rules.

(8) Petitions declared inadmissible by the Committee shall be filed; the petitioner shall be informed of the decision and the reasons for it. Where possible, alternative means of redress may be recommended.

(9) Petitions, once registered, shall as a general rule become public documents, and the name of the petitioner and the contents of the petition may be published by the National Assembly for reasons of transparency.

(10) Notwithstanding the provision of sub-rule (9), the petitioner may request that his or her name be withheld in order to protect his or her privacy, in which case the National Assembly must comply with the request.

Where the petitioner's complaint cannot be investigated for reasons of anonymity, the petitioner shall be consulted so as the further steps to be taken.

(11) The petitioners may request that his or her petition be treated confidentially, in which case suitable precautions shall be taken by Parliament to ensure that the contents are not made public. The petitioners shall be told under which precise conditions this provision is to apply.

(12) Where the Committee deems it appropriate, it may refer the matter to the Ombudsman or to the relevant Government departments or Divisions for redressal.

**296. Examination of petitions, Redressal and Report.-** (1) Admissible petitions shall be considered by the Committee where the petitioners may be invited to participate in meetings of the Committee if their petition is to be the subject of discussion, or they may ask to be present. The right to speak shall be granted to petitioners at the discretion of the Chair.

(2) The Committee shall submit report to the Parliament. The Committee shall, in particular, inform Parliament of the measures taken by the Committee on petitions referred to them by the Parliament.

(3) The Committee may seek opinions from other committees that have specific responsibility for the issue under consideration.

(4) Where the report deals with, in particular, the application or interpretation of law or proposed changes to existing law, the Standing Committee responsible for the subject-matter shall be associated. If the Committee responsible does not accept such suggestions, the associated committee may table them directly in the House.

(5) When investigating petitions, establishing facts or seeking solutions the Committee may organize fact-finding visits to the region concerned by the petition. Reports on the visit shall be drafted by their participants.

(6) The petitioner shall be informed of the decision taken by the Committee and the reasons for the decision. When consideration of an admissible petition has been concluded, it shall be declared closed and the petitioner informed."

**12. DR. NAFISA SHAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**13. DR. NAFISA SHAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**14. SHAHZADA MUHAMMAD GUSHTASAP KHAN** to move the following resolution: -
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to establish a protectorate of Emigrants Office in District Mansehra."

**15. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution: -
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to ensure the payment of the minimum wages announced by the Government in the Government-run departments as well as in the private enterprises."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**16.** **SYED MUSTUFA KAMAL**
**MS. AASIA ISHAQUE SIDDIQUI**
**MR. HASSAAN SABIR** to move the following motion:-

"This House may discuss the economic situation in the country."

**17.** **SHAZIA MARRI** to move the following motion:-

"This House may discuss the strengthening of higher education in Balochistan through Government support by establishing federal universities, especially for female students."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**18.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**19.** **MS. ZARTAJ GUL**
**RAI HASSAN NAWAZ KHAN**
**MR. SHAHID AHMED** to invite attention of the Minister for Water Resources to a matter of urgent public importance regarding Indian water aggression against Pakistan by developing Shahpur Kandi Barrage on Ravi River to stop water flow to Pakistan, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**22nd April, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

## قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

### نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۲۳/ اپریل، ۲۰۲۴ء کو شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **جناب اسد عالم نیازی** **مرزا اختیار بیگ** **سردار نبیل احمد گبول**

**محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** وزیر برائے توانائی (بجلی ڈویژن) کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے کراچی بالخصوص لیاری اور اعظم بستی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور زائد بلنگ سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **جناب اسد قیصر** **جناب ثناء اللہ خان مستی خیل** **شہزادہ محمد گشتاسب خان** تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل، ۲۰۲۴ء [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔ (آرٹیکل ۱۷۵/ الف اور ۲۱۵ میں ترمیم)

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۵۔ **ڈاکٹر نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گی کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے (آرٹیکل ۲۵ میں ترمیم)۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۷۔ **محترمہ سحر کامران** تحریک پیش کریں گی کہ بچوں کی شادی کے امتناع کا ایکٹ، ۱۹۲۹ (ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [بچوں کی شادی کا امتناع (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

### قانون سازی

۹۔ **نوابزادہ افتخار احمد خان بابر** **نوید عامر جیوا** **صاحبزادہ صبغت اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انجنیئرنگ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انجنیئرنگ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی منظور کردہ صورت میں زیر غور لایا جائے۔

۱۰۔ **نوابزادہ افتخار احمد خان بابر** **نوید عامر جیوا** **صاحبزادہ صبغت اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انجنیئرنگ و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انجنیئرنگ و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

### قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۱۱۔ **ڈاکٹر نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں حسب ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت دی جائے:۔

**نیا قاعدہ ۲۹۵ اور ۲۹۶ شامل کرنا**۔ قاعدہ ۲۹۴ کے بعد مذکورہ قواعد میں حسب ذیل نئے قواعد ۲۹۵ اور ۲۹۶ شامل کیے جائیں گے:۔

**"باب ۲۳**

**عوامی عرضداشتیں**

**۲۹۵۔ عرضداشت کا حق۔**۔ (۱) پاکستان کے کسی شہری یا ملک کے اندر رہائش پذیر یا رجسٹرڈ دفتر رکھنے والے کسی شہری یا قانونی شخص کو ایسے معاملے کے بارے میں جو اس مرد، خاتون یا انہیں براہ راست متاثر کرتا ہو، انفرادی طور پر یا دیگر شہریوں یا افراد کے ساتھ مل کر قومی اسمبلی کے نام عرضداشت دینے کا حق حاصل ہو گا۔

(۲) عرضداشتیں قومی اسمبلی کے اسپیکر کے نام سے دی جائیں گی اور ان کا عنوان ''قومی اسمبلی کے نام عوامی عرضداشت'' ہوگا اوراس پر ہر درخواست گزار کا نام، قومیت اور مستقل پتہ درج ہوگا۔

(۳) جہاں عرضداشت پر ایک سے زیادہ درخواست گزاروں کے دستخط ہوں گے وہاں دستخط کنندگان ایک نمائندے کو نامزد کریں گے جسے اس عنوان کی اغراض کے لئے درخواست گزار تصور کیا جائے گا۔

(۴) ہر درخواست گزار کسی بھی وقت تحریراً عرضداشت کی حمایت واپس لے سکے گا اور تمام درخواست گزاروں کی طرف سے حمایت واپس لئے جانے پر عرضداشت کالعدم ہو جائے گی۔

(۵) عرضداشتیں ترجیحاً سرکاری زبانوں یعنی انگریزی یا اردو میں تحریر کی جائیں گی اور قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو ارسال کی جائیں گی۔ تاہم، صوبائی یا مقامی زبانوں مثلاً سندھی، پنجابی، بلوچی، کشمیری، شینا، ہندکو یا براہوی میں تحریر شدہ عرضداشتوں پر بھی غور کیا جائے گا۔

(۶) عرضداشتیں ذیلی قاعدہ (۲) میں وضع کردہ شرائط کے مطابق ہونے پر موصول ہونے کی ترتیب کے ساتھ ایک رجسٹر میں درج کی جائیں گی؛ وہ جو مطابقت نہ رکھتی ہوں گی وہ داخل دفتر کر دی جائیں گی اور عرضداشت کنندہ کو ایسا کرنے کی وجوہات سے آگاہ کیا جائے گا۔

(۷) رجسٹر میں درج کردہ عرضداشتیں اسپیکر کی جانب سے ذمہ دار عوامی عرضداشتیں کمیٹی کو بھیجی جائیں گی جو سب سے پہلے ان قواعد کے مطابق عرضداشت کے قابل قبول ہونے یا نہ ہونے کے معاملہ کو طے کرے گی۔

(۸) کمیٹی کی جانب سے ناقابل قبول قرار دی گئی عرضداشتیں داخل دفتر کر دی جائیں گی؛ عرضداشت کنندہ کو فیصلہ اور اس کی وجوہات سے آگاہ کیا جائے گا؛ جہاں ممکن ہو ادادرسی کے متبادل ذرائع کی سفارش کی جائے گی۔

(۹) عرضداشتیں جب ایک دفعہ مندرج ہو جائیں گی تو وہ بطور عمومی قاعدہ عوامی دستاویزات بن جائیں گی اور عرضداشت کنندہ کا نام اور عرضداشت کے متن کو قومی اسمبلی شفافیت کی غرض سے شائع کر سکے گی۔

(۱۰) ذیلی قاعدہ (۹) کی تصریحات کے باوجود، عرضداشت کنندہ استدعا کر سکتا ہے کہ اس کا نام اس (مرد رعورت) کی رازداری کی خاطر پوشیدہ رکھا جائے، اور اس صورت میں قومی اسمبلی کو اس درخواست کی تعمیل کرنی چاہیے۔

جہاں عرضداشت کنندہ کی شکایت کی تفتیش شناخت ظاہر نہ کرنے کی وجوہات کے باعث نہ کی جاسکتی ہو تو عرضداشت کنندہ سے مشاورت کی جائے گی تاکہ مزید اقدامات اٹھائے جائیں۔

(۱۱) درخواست گزار یہ استدعا کر سکیں گے کہ ان (مرد یا عورت) کی عرضداشت پر رازداری سے کارروائی کی جائے، اس صورت میں پارلیمان مناسب احتیاطی اقدامات اختیار کرے گی تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ مندرجات منظر عام پر نہ آئیں۔ درخواست گزاروں کو بتایا جائے گا کہ کن مخصوص شرائط کے تحت اس تصریح کا اطلاق ہوگا۔

(۱۲) جہاں کمیٹی مناسب سمجھے تو وہ دادرسی کے لئے معاملہ محتسب یا متعلقہ سرکاری محکموں یا ڈویژنوں کو بھیج سکے گی۔

**۲۹۶۔ درخواستوں کا معائنہ، دادرسی اور رپورٹ۔** (۱) کمیٹی قابل سماعت درخواستوں پر غور کرے گی اور اگر درخواست گزاروں کی عرضداشتوں پر بحث ہونا ہو تو ان کو کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کی دعوت دی جاسکتی ہے یا انہیں موجود ہونے کو کہا جاسکتا ہے۔ درخواست گزاروں کو بولنے کا حق صدر نشین کا صوابدیدی اختیار ہوگا۔

(۲) کمیٹی پارلیمان کو رپورٹ پیش کرے گی۔ کمیٹی پارلیمان کو بالخصوص ان اقدامات سے آگاہ کرے گی جو اس نے پارلیمان کی جانب سے حوالے کردہ درخواستوں پر اٹھائے ہوں۔

(۳) کمیٹی دیگر کمیٹیوں سے جو زیر غور معاملہ کی بابت خصوصی ذمہ داری رکھتی ہیں، آراء طلب کر سکتی ہے۔

(۴) جہاں رپورٹ، خاص کر قانون کے اطلاق یا تعبیر یا موجودہ قانون میں مجوزہ تبدیلیوں سے متعلق ہو تو نفس مضمون کی ذمہ دار قائمہ کمیٹی کو شریک کیا جائے گا۔ اگر ذمہ دار کمیٹی ایسی تجاویز قبول نہیں کرتی تو شریک کمیٹی انہیں ایوان میں براہ راست پیش کر سکتی ہے۔

(۵) کمیٹی عرضداشتوں کی تفتیش کرنے، حقائق ثابت کرنے یا حل تلاش کرنے کے ضمن میں عرضداشت سے متعلقہ علاقے کے دوروں کا اہتمام کر سکتی ہے۔ کمیٹی کے شرکاء دورے سے متعلق رپورٹیں تیار کریں گے۔

(٦) درخواست گزار کو کمیٹی کی جانب سے کئے گئے فیصلہ اور فیصلہ کی وجوہات سے آگاہ کیا جائے گا۔ جب قابل پذیرائی عرضداشت پر غور مکمل ہو جائے تو اسے بند اور نمٹادیا گیا قرار دیا جائے گا درخواست گزار کو مطلع کر دیا جائے گا۔"

**۱۲۔ ڈاکٹر نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد ۲۰۰۷ کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت مجوزہ ترامیم کو زیر غور لایا جائے۔

**۱۳۔ ڈاکٹر نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے تحت مجوزہ ترامیم کو منظور کیا جائے۔

## قرار دادیں

**۱۴۔ شہزادہ محمد گشتاسپ خان** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گے۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ضلع مانسہرہ میں پروٹیکٹوریٹ آف امیگرنٹس آفس کے قیام کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

**۱۵۔ سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گے۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت سرکاری محکموں اور چھوٹے نجی کاروباری اداروں میں حکومت کی اعلان کردہ کم سے کم اجرت کی ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

**۱٦۔ سید مصطفیٰ کمال** **محترمہ آسیہ اسحاق صدیقی** **جناب حسان صابر** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے۔

"یہ ایوان ملک کی معاشی صورتحال پر بحث کرے۔"

**۱۷۔ شازیہ مری** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی۔

"یہ ایوان بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے کے لئے حکومت کی معاونت سے خصوصاً طالبات کے لئے وفاقی یونیورسٹیوں کے قیام پر بحث کرے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۸۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۱۹۔ محترمہ زرتاج گل** **رائے حسن نواز خان** **جناب شاہد احمد** وزیر برائے آبی وسائل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو بھارت کی جانب سے دریائے راوی پر شاہ پور کنڈی بیراج تعمیر کرتے ہوئے پاکستان کی جانب پانی کے بہاؤ کو روک کر پاکستان کے آبی حقوق پر کی گئی جارحیت سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۲۲/اپریل، ۲۰۲۴ء۔**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**